© rasailojaraid.com

نے بڑی رقت آمیز جامع اختتامی دعا فرمائی۔

**حضرت مولانا مفتی محمد زرولی خان مدظلہ ودیگر علماء حضرات کی دارالعلوم آمد:**

گزشتہ دنوں کراچی کے بڑے تعلیمی ادارے کے سربراہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی زرولی خان مدظلہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔آپ کے ہمراہ جامعہ اسلامیہ بنوری ٹاؤن کے استاذ حدیث مولانا قاری مفتاح اللہ مدظلہ اور دیگر احباب بھی تھے۔مولانا مدظلہ نے دفتر اہتمام میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ' حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور مولانا انوار الحق صاحب سے تفصیلی ملاقات کی اور موجودہ ملکی نازک صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ملاقات میں رویت ہلال کے مسئلہ پر پیدا ہونے والی پیچیدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے کئی تجاویز زیرغور وخوض کیا گیا۔ملاقات کے بعد مہمانوں کو حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ظہرانہ دیا گیا۔

**امریکہ اور مغربی صحافیوں کی دارالعلوم آمد:**

دارالعلوم حقانیہ کی عالمی حیثیت اور بڑھتی ہوئی تعلیمی وانتظامی کارکردگی سے متاثر ہو کر دنیا بھر سے اسکالروں' صحافیوں' اور سفارتکاروں کی آمد حسب سابق جاری ہے۔اسی سلسلے میں گزشتہ دنوں امریکہ کے قومی ریڈیو (N.P.R) کی اہم نمائندہ میری لوئس کیلیے ساتھیوں کے ہمراہ گزشتہ دنوں دارالعلوم تشریف لائیں۔آپ نے حضرت مولانا مدظلہ اور دیگر اساتذہ اور طلباء سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔اور انہوں نے اپنے سوالات میں ان خدشات کا اظہار کیا جو ان دنوں مغرب اسلام اور دینی مدارس کے بارے میں اچھال رہا ہے۔حضرت مولانا مدظلہ نے انہیں تفصیلی جوابات دیئے اور اسلام اور درس نظامی کے بارے میں منفی پروپیگنڈے کے بارے میں انہیں اصل حقائق سے آگاہ کیا۔اسی طرح گزشتہ ماہ سپین (اندلس) کے کثیر الاشاعت اخبار اے۔بی۔سی کے ایڈیٹر نے بھی دارالعلوم کا معائنہ کیا۔پھر اسی روز برطانیہ کے معروف چینل سکائی نیوز سے آئے ہوئی ٹیم نے بھی مولانا مدظلہ سے ان کی رہائش گاہ پر تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کرایا۔

**جمعیت علماء اسلام ضلع صوابی کے امیر مولانا میاں گل جان کی وفات:**

ضلع صوابی کے معمر عالم دین' مدرسہ غیرت السلام کے مہتمم حضرت مولانا میاں گل جان جو صوابی میں جمعیت کے تاسیسی رکن تھے اور دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی مخلصین میں سے آپکا تعلق تھا۔آپ گزشتہ ماہ اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔دارالعلوم کے اساتذہ کرام کا ایک وفد ان کی تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے گیا۔دارالعلوم اور ادارہ الحق مرحوم کے پسماندگان کیساتھ تعزیت کرتا ہے اور انکے رفع درجات کیلئے دعا گو ہے۔

---

© rasailojaraid.com